© rasailojaraid.com



# مجمع الملک فہد سے شائع ہونے والے تراجم قرآن

## ۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء کے اختتام تک

ترجمہ وترتیب: اشتیاق احمد ظلی

(کتاب اللہ کی اشاعت کے میدان میں مجمع الملک فہد لطباعۃ المصحف الشریف، مدینہ منورہ کی خدمات محتاج تعارف نہیں۔ قرآن مجید کی طباعت اور دنیا بھر میں اس کی نشر واشاعت کے ساتھ ساتھ یہ ادارہ دنیا کے مختلف ملکوں اور خطوں میں بولی جانے والی زبانوں میں وسیع پیمانے پر تراجم قرآن کی اشاعت کا کام انجام دے رہا ہے۔ مجمع میں ترجمہ قرآن کا مرکز ۱۹۹۴ء میں قائم کیا گیا اور ۲۰۰۴ء تک کی مختصر مدت میں ۴۷ مختلف زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم شائع کیے جاچکے تھے۔ اس کے علاوہ کئی زبانوں میں ترجمہ کا کام جاری ہے۔ ان تراجم کی اشاعت کے متعلق تفصیلی معلومات مجمع نے ایک کتابچہ کی شکل میں شائع کردی ہے۔ قارئین کی دل چسپی کے لیے اس کا ترجمہ پیش خدمت ہے اس سے ترجمہ قرآن اور اس کے وسیلہ سے دنیا کے مختلف حصوں میں رہنے بسنے والے مسلمانوں اور غیر مسلموں تک تعلیماتِ قرآن پہونچانے کے میدان میں مجمع کی خدمات کا کسی قدر اندازہ لگایا جاسکتا ہے)

مجمع کے سکریٹری جنرل پروفیسر ڈاکٹر محمد سالم بن شُدید العوفی اپنے تعارفی کلمات میں قرآن اور قرآنی علوم کی اشاعت کے باب میں سعودی حکمراں ملک عبداللہ بن عبدالعزیز کی خصوصی دل چسپی اور خدمات کا ذکر کرنے کے بعد مجمع سے شائع ہونے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



والے تراجم کی درج خصوصیات بیان کرتے ہیں۔

۱- یہ تراجم سلف صالح کے منہج پر کیے گئے ہیں۔

۲- ان تراجم پر ایسے اہل علم نے نظر ثانی کی ہے جو عربی زبان اور علوم شرعیہ سے بھرپور واقفیت رکھتے ہیں اور صحیح عقائد کے حامل ہیں۔

۳- ۳۸ ترجمے مکمل ہیں۔ سات سورہ فاتحہ اور پارہ عمّ کے تراجم ہیں۔ ایک سورہ فاتحہ اور کچھ منتخب آیات کے ترجمہ پر مشتمل ہے، جب کہ ایک سورہ فاتحہ اور آخری تین پاروں کا ترجمہ ہے۔

۴- متعدد مکمل ترجموں کے ساتھ سورہ فاتحہ اور پارہ عم کے ترجمے الگ سے شائع کیے گئے ہیں۔

۵- تین تراجم کے علاوہ باقی تمام ترجمے حفص کی قراءت کے مطابق ہیں۔ البتہ ہسپانوی، امازیغی اور فلانی زبانوں مین شائع ہونے والے تراجم ورش کی قراءت کے مطابق ہیں۔ ایک ہسپانوی ترجمہ حفص کی قراءت کے مطابق ہے۔

۶- بیش تر تراجم متن کے ساتھ ہیں۔ بعض غیر مسلمین کے درمیان اشاعت کے نقطہ نظر سے متن کے بغیر صرف تراجم کی شکل میں بھی شائع کیے گئے ہیں۔

۷- تمام تراجم عام سائز (۱۴×۱۲ سینٹی میٹر) میں شائع کیے گئے ہیں کچھ ۱۶×۲۳ کے سائز میں ہیں۔ کچھ جیبی سائز میں ہیں جن کا سائز ۵.۸×۵.۱۲ سینٹی میٹر ہے۔

۸- ارومی، امہری اور مالنکا زبانوں میں صرف صوتی تراجم دستیاب ہیں۔ یہ تراجم طبع نہیں ہوئے ہیں۔ مختلف زبانوں میں تراجم قرآن کی تفصیلات ذیل میں فراہم کی گئی ہیں۔

## ۱- ایشیائی زبانوں میں تراجم قرآن:

۱- آذری (Azeri)

مترجم: شیخ علی خاں موسا یف

سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ شائع ہو چکا ہے۔ بقیہ اجزاء کے ترجمہ کا کام جاری ہے۔

سال اشاعت: ۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء، ۱۰،۰۰۰ نسخے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ زبان آذربائیجان اور شمالی اور مغربی ایران میں بولی جاتی ہے۔ جارجیا، آرمینیا اور داغستان میں بھی اس زبان کے بولنے والے پائے جاتے ہیں۔

۲- اردو (Urdu)

شیخ محمد جونا گڈھی کا ترجمہ اور شیخ صلاح الدین یوسف کی تفسیر
یہ مکمل ترجمہ ہے اور عمومی نیز جیبی سائز میں شائع کیا گیا ہے۔
اس ترجمہ کی مختلف اشاعتوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

عام سائز:

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۱۴۱،۳۹۵ نسخے
۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء: ۵۶،۳۰۶ نسخے
۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸ء: ۴۵۰،۰۰۰ نسخے
۱۴۲۱ھ/۲۰۰۰ء: ۲۵۰،۰۰۰ نسخے
۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۶۸۶،۰۰۰ نسخے

چھوٹا سائز:

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۴۰،۰۰۰ نسخے
۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء: ۱۱۲،۶۱۳ نسخے

سورہ فاتحہ اور پارہ عمّ

۱۴۲۰ھ/۱۹۹۹ء: ۱۰۰،۰۰۰ نسخے

یہ زبان پاکستان، ہندوستان، بنگلا دیش اور پڑوس کے ممالک میں بولی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ دنیا کے بہت سے ممالک میں اردو بولنے والے پائے جاتے ہیں۔ اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ۳۰۰ ملین (۳۰ کروڑ) ہے۔

[مجمع الملک فہد سے ۱۴۰۹ھ/ ۱۹۸۹ء میں شیخ الہند مولانا محمود الحسن کا اردو ترجمہ قرآن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مع تفسیر شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانی ''القرآن الکریم وترجمۃ معانیہ وتفسیرہ الی اللغۃ الاردیۃ'' کے نام سے شائع ہوا تھا لیکن اس کتابچہ میں اس کا ذکر نہیں آسکا۔ ادارہ]

۳- انڈونیشی (Indonesian)

یہ ترجمہ انڈونیشیا کی دینی امور کی وزارت کی نگرانی میں تیار کیا گیا ہے۔

بڑے سائز میں یہ مکمل ترجمہ ہے۔ اس کے علاوہ سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ الگ سے بھی شائع کیا گیا ہے۔ مختلف اشاعتوں اور مطبوعہ نسخوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

مکمل ترجمہ

۱۴۱۱ھ/۱۹۹۰ء: ۴۴۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۱۲ھ/۱۹۹۱ء: ۵۶۰،۲۰۰ نسخے

۱۴۱۳ھ/۱۹۹۲ء: ۲۰۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۱۵ھ/۱۹۹۴ء: ۴۵۸،۶۶۷ نسخے

۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء: ۳۰۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸ء: ۲۵۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۰ھ/۱۹۹۹ء: ۴۰۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۱ھ/۲۰۰۰ء: ۴۰۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۲ھ/۲۰۰۱ء: ۳۹۶،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۱،۲۰۲،۵۰۰ نسخے

سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ

۱۴۲۰ھ/۱۹۹۹ء: ۱۰۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۵۰،۰۰۰ نسخے

ترجمہ سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا کیسٹ

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۲۰۰۰ کاپیاں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ زبان انڈونیشیا، ملیشیا، برونائی اور پڑوس کے ممالک میں بولی جاتی ہے۔ ملیشیا اور برونائی میں اسے مالَی کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ۱۵۳ملین (۱۵ ارکروڑ ۳۰ لاکھ) ہے۔

۴- ایرانونیہ (Iranonian)

مترجمہ: شیخ عبدالعزیز غرو عالم سارو منتاخ

یہ مکمل ترجمہ ہے اور بڑے سائز پر شائع ہوا ہے۔

اس ترجمہ کی مختلف طباعتوں اور مطبوعہ نسخوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱۴۲۱ھ/۲۰۰۰ء: ۲۵،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۵۷،۰۰۰ نسخے

یہ زبان فلپائن کے منڈاناو (Mindanao) علاقے میں بولی جاتی ہے اور اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۱ملین (۱۰ لاکھ) ہے۔

۵- اویغوری (Uighur)

مترجم: شیخ محمد صالح

یہ مکمل ترجمہ ہے اور بڑے سائز میں شائع ہوا ہے۔

مختلف ایڈیشن اور نسخوں کی تعداد

۱۴۱۳ھ/۱۹۹۲ء: ۵۰۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۱۵ھ/۱۹۹۴ء: ۲۹۰،۶۶۷ نسخے

یہ زبان چین کے سنکیانگ علاقہ اور مشرقی ترکستان میں بولی جاتی ہے۔ یہ زبان کسی قدر تبدیل شدہ عربی رسم الخط میں لکھی جاتی ہے۔ اس زبان کو بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۷ملین (۷۰ لاکھ) ہے۔

۶- براہوئی (Brahui)

مترجم: شیخ عبدالکریم مراد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ مکمل ترجمہ ہے اور بڑی تقطیع میں شائع ہوا ہے۔

اس ترجمہ کی صرف ایک بار ۱۴۱۳ھ/۱۹۹۲ء میں اشاعت ہوئی ہے اور مطبوعہ نسخوں کی تعداد ۵۸۳،۷۰۰ ہے۔ یہ زبان پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں بولی جاتی ہے۔

۷- بنگالی (Bengali)

مترجم: شیخ محی الدین خاں

یہ مکمل ترجمہ ہے اور عام سائز میں شائع ہوا ہے۔

شائع شدہ نسخوں کی تعداد ۱۰۰،۰۰۰ ہے اور سال اشاعت ۱۴۱۳ھ/۱۹۹۲ء۔

یہ زبان بنگلا دیش اور ہندوستان کے صوبہ مغربی بنگال میں بولی جاتی ہے۔ اور اس کے بولنے والوں کی تعداد ۱۹۳ ملین (۱۹ کروڑ ۳۰ لاکھ) ہے۔

۸- برمی (Burmese)

یہ ترجمہ علماء کی ایک جماعت کی مشترکہ مساعی کا ثمرہ ہے۔

یہ مکمل ترجمہ ہے اور بڑی تقطیع میں دو جلدوں میں شائع ہوا ہے۔ سنِ اشاعت ۱۴۱۹ھ/ ۱۹۹۸ء ہے اور مطبوعہ نسخوں کی تعداد ۵۰،۰۰۰ ہے۔

یہ زبان میانمار (سابق برما) میں بولی جاتی ہے اور کے بولنے والوں کی تعداد ۵۰ ملین (۵ کروڑ) ہے۔

۹- پشتو (Pashto)

مترجم: علماء کی ایک جماعت

یہ مکمل ترجمہ ہے اور بڑی تقطیع میں دو جلدوں میں شائع ہوا ہے۔

سنِ اشاعت ۱۴۱۲ھ/۱۹۹۳ء ہے اور مطبوعہ نسخوں کی تعداد ۶۳۰،۰۰۰ ہے۔

یہ زبان افغانستان اور شمالی پاکستان میں بولی جاتی ہے۔

۱۰- تامل (Tamil)

مترجم: شیخ عبدالحمید باقوی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ مکمل ترجمہ ہے اور بڑی تقطیع میں دو جلدوں میں شائع ہوا ہے۔

سن طباعت اور مطبوعہ نسخوں کی تفصیل:

۱۴۱۴ھ/۱۹۹۳ء: ۴۹۰،۰۰۰

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۲۵۰،۰۰۰

یہ زبان ہندوستان کے صوبہ تامل ناڈو، شمالی سری لنکا، ملیشیا اور سنگاپور میں بولی جاتی ہے اور اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد قریب ۶۰ ملین (٦ کروڑ) ہے۔

۱۱- تھائی (Thai)

یہ ترجمہ تھائی لینڈ کے عربی مدارس اور جامعات کے فارغین کی ایک جماعت کی مشترکہ کاوش کا نتیجہ ہے۔

یہ مکمل ترجمہ ہے اور بڑی تقطیع میں شائع ہوا ہے۔ مختلف اشاعتوں کی تفصیل یہ ہے:

۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸ء: ۵۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۴۰،۰۰۰ نسخے

یہ زبان تھائی لینڈ، چین، لاؤس اور ویتنام میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد ۵۰ ملین (۵ کروڑ) سے زیادہ ہے۔

۱۲- ترکی (Turkish)

مترجم: ڈاکٹر علی اوزاک اور بعض دوسرے اصحاب

یہ مکمل ترجمہ ہے اور بڑی تقطیع پر شائع ہوا ہے۔ اس کی مختلف اشاعتوں اور مطبوعہ نسخوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱۴۰۵، ۱۴۰۶ اور ۱۴۰۷ھ/۱۹۸۴ء، ۱۴۸۵، ۱۴۸۶: مجموعی طور پر ۶۶۲،۵۰۰ نسخے

۱۴۰۸، ۱۴۰۹ اور ۱۴۱۰ھ/۱۹۸۷ء، ۱۹۸۸ء، ۱۹۸۹ء: مجموعی طور پر ۴۲،۹۰۰ نسخے

۱۴۱۲ھ/۱۹۹۱ء: ۱،۰۰۰،۰۰۰ نسخے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۴۲۲ھ/۲۰۰۱ء: ۳۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء ۲۲۵،۰۰۰ نسخے

یہ زبان ترکی، شمالی قبرص اور بلغاریا میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد ۶۵ ملین (۶ کروڑ ۵۰ لاکھ) ہے۔

۱۳- تغالوغ (Tagalog)

مترجم: شیخ ابوالخیر ترسون اور بعض دوسرے اصحاب

یہ ترجمہ صرف سورہ فاتحہ اور پارہ عمّ کے ترجمہ پر مشتمل ہے۔

یہ ۱۴۲۰ھ/ ۱۹۹۹ء اور ۱۴۲۲ھ/۲۰۰۱ء میں بالترتیب ۵۰،۰۰۰ اور ۵۰،۰۰۰ کی تعداد میں شائع کیا گیا۔

یہ زبان فلپائن کی سرکاری زبان ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد ۵۰ (۵ کروڑ) ملین ہے۔

۱۴- تلگو (Telegu)

مترجم: ڈاکٹر عبدالرحیم محمد مولانا

یہ مکمل ترجمہ ہے اور بڑی تقطیع میں ہے اور کتابچہ کی اشاعت کے وقت زیر طباعت تھا۔

یہ زبان جنوبی ہندوستان کے آندھرا پردیش میں بولی جاتی ہے۔ اس زبان کے بولنے والے ملیشیا میں بھی پائے جاتے ہیں۔ اس کے بولنے والوں کی تعداد ۵۵ ملین (۵ کروڑ ۵۰ لاکھ) ہے۔

۱۵- روسی (Russian)

مترجم: ڈاکٹر امیر کولیف

مکمل ترجمہ کے علاوہ سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ الگ سے بھی شائع کیا گیا ہے۔

مکمل ترجمہ کے ۷۵،۰۰۰ نسخے ۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء میں طبع ہوئے۔

سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ ۱۴۲۲ھ/۲۰۰۱ء میں شائع ہوا اور مطبوعہ نسخوں کی تعداد ۵۰،۰۰۰ تھی، اس ترجمہ کی CD تیاری کے مرحلہ میں ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ زبان روس اور سابق سویت یونین میں شامل ممالک میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد ۲۷۰ ملین (۲۷ کروڑ) ہے۔

۱۶- سندھی (Sindhi)

مترجم: شیخ تاج محمود امروٹی

یہ مکمل ترجمہ ہے اور بڑی تقطیع میں ۱۴۲۲ھ/۲۰۰۱ء میں ۲۵،۰۰۰ کی تعداد میں شائع ہوا۔

یہ زبان پاکستان کے صوبہ سندھ میں بولی جاتی ہے۔ ہندوستان میں بھی اس زبان کے بولنے والوں کی اچھی خاصی تعداد پائی جاتی ہے۔ اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ۱۰ ملین (ا کروڑ) ہے۔

۱۷- چینی (Chinese)

مترجم: شیخ محمد مکین

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ کے علاوہ سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ، انتیسویں پارہ کا ترجمہ اور بغیر متنِ قرآن کے مکمل ترجمہ الگ الگ شائع ہو چکے ہیں، ان کی مختلف اشاعتوں اور مطبوعہ نسخوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

متن کے ساتھ مکمل ترجمہ:

۱۴۰۵، ۱۴۰۶ اور ۱۴۰۷ھ/۱۹۸۴، ۱۹۸۵، ۱۹۸۶ء: میں مجموعی طور پر ۵۰۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۰۸، ۱۴۰۹ اور ۱۴۱۰ھ/ ۱۹۸۷، ۱۹۸۸، ۱۹۸۹ء: میں مجموعی طور پر ۱۱،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۲ھ/۲۰۰۱ء: ۵۰،۰۰۰ نسخے

سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ:

۱۴۱۱ھ/۱۹۹۰ء ۱۰۰،۰۰۰ نسخے

انتیسویں پارہ کا ترجمہ:

۱۴۱۱ھ/۱۹۹۰ء ۱۰۰،۰۰۰ نسخے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مکمل ترجمہ بدون متن:

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۱۵،۰۰۰ نسخے

یہ زبان چین، تایوان اور پڑوسی ممالک کے علاوہ ملیشیا اور سنگاپور میں بولی جاتی ہے۔ مزید براں ریاستہائے متحدہ امریکہ میں بھی یہ زبان بولنے والے بڑی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ۱۰۰۰ ملین (۱۰۰ کروڑ) ہے۔

۱۸- فارسی (Persian)

مترجم: شاہ ولی اللہ دہلویؒ

یہ مکمل ترجمہ ہے اور بڑی تقطیع اور جیبی سائز میں شائع ہو چکا ہے۔ اس کی مختلف اشاعتوں اور مطبوعہ نسخوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

بڑی تقطیع

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۹۷،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۲ھ/۲۰۰۱ء: ۲۵،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۳۵،۰۰۰ نسخے

جیبی سائز:

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۳۵،۰۰۰ نسخے

فارسی ایران، افغانستان، تاجکستان اوران ممالک کے پڑوسی علاقوں میں بولی جاتی ہے اوراس کے بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۷۵ ملین (۷ کروڑ ۵۰ لاکھ) ہے۔

۱۹- قازاقی (Khazaki)

مترجم: شیخ خلیفہ الطالی

مکمل ترجمہ ہے اور بڑی تقطیع میں شائع ہوا ہے۔

۱۴۱۱ھ/۱۹۹۰ء: ۲۲۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۱۲ھ/۱۹۹۱ء: ۷۸۰،۰۰۰ نسخے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ زبان قزاقستان، چین اور منگولیا میں بولی جاتی ہے۔ اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۱۲ ملین (ایک کروڑ ۲۰ لاکھ) ہے۔

۲۰۔ کشمیری (Kashmiri)

مترجم: شیخ میر واعظ محمد یوسف شاہ

یہ مکمل ترجمہ ہے اور بڑی تقطیع میں شائع ہوا ہے۔ اس کی مختلف طباعتوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء: ۲۵،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۱ھ/۲۰۰۰ء: ۳۵،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۳۵،۰۰۰ نسخے

یہ زبان ہندوستان اور پاکستان کے کشمیری علاقوں میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۵ ملین (۵۰ لاکھ) ہے۔

۲۱۔ کورین (Korean)

مترجم: ڈاکٹر حامد تشوی

یہ مکمل ترجمہ ہے۔ اس کی مختلف اشاعتوں اور مطبوعہ نسخوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

بڑی تقطیع

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۵۱،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۲ھ/۲۰۰۱ء: ۲۰،۰۰۰ نسخے

جیبی سائز:

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۳۹،۰۰۰ نسخے

مکمل ترجمہ بدون متن:

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۱۵،۰۰۰ نسخے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


یہ زبان شمالی اور جنوبی کوریا نیز چین اور جاپان میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۶۰ ملین (۶ کروڑ) ہے۔

۲۲- ملیالم (Malayalam)

مترجم: شیخ عبدالحمید حیدر مدنی اور کنہی محمد بربور مدنی

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ کے علاوہ سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ الگ سے بھی شائع ہوا ہے، نیز سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ کیسٹ پر بھی دستیاب ہے۔ ان تراجم کی مختلف اشاعتوں اور مطبوعہ نسخوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

مکمل ترجمہ:

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۵۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۰ھ/۱۹۹۹ء: ۵۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۱ھ/۲۰۰۰ء: ۱۰۵،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۲۵۶،۵۰۰ نسخے

سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ:

۱۴۲۰ھ/۱۹۹۹ء: ۵۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۱ھ/۲۰۰۰ء: ۵۰،۰۰۰ نسخے

سورہ فاتحہ اور پارہ عم کے ترجمہ کا کیسٹ:

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۲۰۰۰ کاپیاں

یہ زبان ہندوستان کے صوبہ کیرالہ میں بولی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ عرب ممالک اور بہت سے دوسرے ملکوں میں یہ زبان بولنے والے بڑی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ ۲۵ ملین (۲ کروڑ ۵۰ لاکھ) سے زیادہ لوگ یہ زبان بولتے ہیں۔

۲۳- مندری (Mandar)

مترجم: شیخ محمد ادہم بوضی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس مکمل ترجمہ کے ۲۰،۰۰۰ نسخے ۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء میں شائع کئے گئے۔

یہ زبان انڈونیشیا کے جزیرے سلادیسی میں بولی جاتی ہے اور اس کو بولنے والوں کی تعداد املین (۱۰ لاکھ) کے قریب ہے۔

۲۴- ویٹ نامی (Vietnamese)

مترجم: شیخ حسن عبدالکریم

مکمل ترجمہ کے ۱۰،۰۰۰ نسخے ۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء میں شائع کئے گئے۔

اس کے علاوہ اس سال سورہ فاتحہ اور پارہ عام کے ترجمہ پر مشتمل ۲۰۰۰ کیسٹ جاری کئے گئے۔ یہ زبان ویٹ نام، کمبوڈیا اور لاؤس میں بولی جاتی ہے۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں بھی یہ زبان بولنے والے بڑی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ۶۰ ملین (۶ کروڑ) ہے۔

(۲)

## یورپی زبانوں میں تراجم قرآن

۱- اسپینی (Spanish)

مترجم: شیخ عبدالغنی میلا رانا میو

اس ترجمہ کی مختلف اشاعتوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ (ورش کی روایت کی مطابق):

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۱۰۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء: ۶۸،۴۵۹ نسخے

مکمل ترجمہ جیبی سائز میں (ورش کی روایت کے مطابق):

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۷۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء: ۱۳۶،۹۱۸ نسخے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ (ورش کی روایت کے مطابق):

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۱۰۰،۰۰۰ نسخے

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ (حفص کی روایت کے مطابق):

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۱۱۵،۰۰۰ نسخے

جیبی سائز میں مکمل ترجمہ (حفص کی روایت کے مطابق): زیر طبع

یہ زبان اسپین، لاطینی امریکی ممالک (برازیل، بیلیز، برٹش گینیا، فرنچ گینیا اور سورینام کے استثناء کے ساتھ)، امریکہ، کیوبا اور جزائر کنری (Canary Island) میں بولی جاتی ہے اور اس کو بولنے والوں کی تعداد ۳۷۱ ملین (۳۷ کروڑ ۱۰ لاکھ) ہے۔

۲- البانوی (Albanian)

مترجم: شیخ شریف احمد

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ کے علاوہ سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ کیسٹ میں بھی دستیاب ہے۔

مکمل ترجمہ:

۱۴۱۳ھ/۱۹۹۲ء: ۱،۰۰۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۱۵ھ/۱۹۹۴ء: ۴۰۸،۰۰۰ نسخے

سورہ فاتحہ اور پارہ عم پر مشتمل کیسٹ

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء

یہ زبان البانیا، کوسوو اور مانٹینگیرو (Montenegro) میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد ۴ ملین (۴۰ لاکھ) کے قریب ہے۔

۳- انگلش (English)

مترجم: ڈاکٹر تقی الدین ہلالی اور ڈاکٹر محمد محسن خاں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ مکمل ترجمہ بڑی اور چھوٹی دونوں تقطیع میں شائع ہوا ہے۔ اس کے علاوہ بدون متن بھی مکمل ترجمہ دونوں تقطیع میں شائع ہو چکا ہے۔ سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ الگ سے بھی شائع ہوا۔ ان تراجم اور مطبوعہ نسخوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ متن کے ساتھ:

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۱۸۲،۰۰۰ نسخے

۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء: ۷۶،۳۱۳ نسخے

۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸ء: ۴۵۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۰ھ/۱۹۹۹ء: ۲۵۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۵۲۰،۰۰۰ نسخے

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ بدون متن:

۱۴۲۰ھ/۱۹۹۹ء: ۵۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۴۰،۰۰۰ نسخے

مکمل ترجمہ متن کے ساتھ جیبی سائز میں:

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۸۸،۰۰۰ نسخے

۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء: ۱۵۲،۶۲۹ نسخے

۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸ء: ۷۰،۰۰۰ نسخے

مکمل ترجمہ جیبی سائز میں متن کے بغیر:

۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸ء: ۳۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۱ھ/۲۰۰۰ء: ۲۵،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۲۰،۰۰۰ نسخے

سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ:

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۱۵۰،۰۰۰ نسخے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸ء: ۲۰۰،۰۰۰ نسخے

انگریزی برطانیہ، شمالی امریکہ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور متعدد دوسرے ممالک میں بولی جاتی ہے۔ اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ۴۶۳ ملین (۴۶ کروڑ ۳۰ لاکھ) ہے۔

۴- بوسینی (Sarbo-Croation)

مترجم: شیخ بسیم کورکوٹ

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ کے ۱۰۰۰،۰۰۰ نسخے ۱۴۱۲ھ/۱۹۹۱ء میں طبع ہوئے

یہ زبان بوسنیا، سربیا اور کروشیا میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد ۱۷ ملین ہے۔

۵- پرتگالی (Portuguese)

مترجم: ڈاکٹر حلمی نصر

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ کے علاوہ سورہ فاتحہ اور پارہ عم کے ترجمہ کا کیسٹ بھی دستیاب ہے۔

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ ۱۴۲۵ھ میں شائع ہوا۔ مطبوعہ نسخوں کی تعداد ۲۵،۰۰۰۔ مزید براں سورہ فاتحہ اور پارہ عم کے ترجمہ پر مشتمل ۲۰۰۰ کیسٹ ۱۴۲۶ھ/۲۰۰۵ء میں تیار ہوئے۔

یہ زبان پرتگال، برازیل، موزمبیق، انگولا، گینیا بساؤ، ساؤتوم، الراس الاخضر (Cape Verde)، گوا (ہندوستان)، ملاکا (ملیشیا)، مکاو (چین)، مشرقی تمور اور ازورلس وغیرہ علاقوں میں بولی جاتی ہے اس اس کو بولنے والوں کی تعداد ۱۶۰ ملین (۱۶ کروڑ) ہے۔

۶- جرمن (German)

مترجم: شیخ عبداللہ صامت (فرنیک بو.بنہایم) اور ڈاکٹر ندیم الیاس

متن کے ساتھ مکمل ترجمہ:

۱۴۲۲ھ/۲۰۰۱ء ۳۰،۰۰۰ نسخے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۳۰،۰۰۰ نسخے

متن کے بغیر مکمل ترجمہ:

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۳۵،۰۰۰ نسخے

سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ:

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۲۰،۰۰۰ نسخے

یہ زبان جرمنی، آسٹریا، سوئٹزر لینڈ، لیشٹنائن (Liechtenstein) اور نمیبیا میں بولی جاتی ہے۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ اور لاطینی امریکہ میں بھی جرمن زبان بولنے والے پائے جاتے ہیں۔ اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ۱۰۰ ملین (۱۰ کروڑ) ہے۔

۷- رومنی (Romany)

مترجم: شیخ محرم سربیزووسکی (Shaikh Muharem Serbezovski)

۱۴۲۴ھ/۲۰۰۳ء میں سورہ فاتحہ اور پارہ عم کے ترجمہ کے ۲۰،۰۰۰ نسخے طبع ہوئے۔

یہ زبان مشرقی یوروپ میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد ۱ ملین (۱۰ لاکھ) ہے۔

۸- سویڈش (Swedish)

مترجم: شیخ عبدالحلیم یوسف

سورہ فاتحہ اور پارہ عم کے ترجمہ کے ۲۰،۰۰۰ نسخے ۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء میں طبع ہوئے۔ باقی اجزاء کا ترجمہ تیاری کے مرحلہ میں ہے۔ یہ زبان سویڈن اور فن لینڈ میں بولی جاتی ہے، ریاستہائے متحدہ امریکہ میں بھی یہ زبان بولنے والے معتد بہ تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ۹ ملین (۹۰ لاکھ) ہے۔

۹- فرانسیسی (French)

مترجم: ڈاکٹر محمد حمید اللہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مکمل ترجمہ متن کے ساتھ:

۱۴۰۸ھ/۱۹۸۷ء، ۱۴۰۹ھ/۱۹۸۸ء اور ۱۴۱۰ھ/۱۹۸۹ء میں مجموعی طور پر ۰۰۰، ۱،۰۴۵ نسخے شائع کئے گئے۔

۱۴۱۱ھ/۱۹۹۰ء: ۴،۰۰۰ نسخے

۱۴۱۵ھ/۱۹۹۴ء: ۱۸۷،۵۰۰ نسخے

۱۴۲۰ھ/۱۹۹۹ء: ۱۰۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۱ھ/۲۰۰۰ء: ۹۲،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۲ھ/۲۰۰۱ء: ۴۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۴۶۱،۵۰۰ نسخے

مکمل ترجمہ بدون متن:

۱۴۲۲ھ/۲۰۰۱ء: ۲۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۵۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۰ھ/۱۹۹۹ء: ۵۰،۰۰۰ نسخے

اس کے علاوہ ۱۴۵۲ھ/۲۰۰۴ء سورہ فاتحہ اور پارہ عم کے ترجمہ پر مشتمل ۲۰۰۰ کیسٹ تیار کئے گئے۔

سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ:

۱۴۲۰ھ/۱۹۹۹ء: ۵۰،۹۹۹ نسخے

ایک اور ترجمہ جسے ڈاکٹر مختار نے کیا ہے زیر طبع ہے۔

یہ زبان فرانس، کیوبک (کینیڈا) بلجیم، سوئٹزرلینڈ، لکسمبرگ، موناکو اور افریقہ کے متعدد ممالک میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد ۶۵ ملین (۶ کروڑ ۵۰ لاکھ) سے زائد ہے۔

۱۰- مقدونی (Macedonian)

مترجم: شیخ حسن جلیلو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ:

۱۴۱۸ھ/ ۱۹۹۷ء: ۳۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۲ھ/ ۲۰۰۱ء: ۱۰،۰۰۰ نسخے

یہ زبان مقدونیہ، بلغاریا، یونان اور البانیا میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد ۳ ملین (۳۰ لاکھ) کے قریب ہے۔

۱۱- یونانی (Greek)

مترجم: علماء ازہر کی ایک جماعت

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ:

۱۴۱۸ھ/ ۱۹۹۷ء: ۳۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۱ھ/ ۲۰۰۰ء: ۱۵،۰۰۰ نسخے

اس کے علاوہ ۱۴۲۵ھ/ ۲۰۰۳ء میں سورہ فاتحہ اور پارہ عم کے ترجمہ پر مشتمل ۲،۰۰۰ کیسٹ تیار کیے گئے۔

یہ زبان یونان، قبرص، ترکی اور بعض دوسرے علاقوں میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد قریب ۱۲ ملین (۲ کروڑ ۲۰ لاکھ) ہے۔

(۳)

## افریقی زبانوں میں تراجم قرآن

افریقی زبانوں میں مجمع سے شائع ہونے والے تراجم کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱- امازیغی (Tamashek)

مترجم: علماء کی ایک کمیٹی

آخری تین پاروں اور سورہ فاتحہ کا ترجمہ ۱۴۲۵ھ/ ۲۰۰۴ء میں شائع ہو چکا ہے۔ بقیہ اجزاء کی جلد تکمیل کی توقع ہے۔ مطبوعہ نسخوں کی تعداد ۱۰،۰۰۰ ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ زبان الجزائر اور المغرب (مراکش) میں بولی جاتی ہے اور اس کو بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۲ ملین (۲۰ لاکھ) ہے۔

۲- امہری (Amharic)

مترجم: شیخ عبدالصمد امام احمد مصطفیٰ

سورہ فاتحہ اور پارہ عم کے ترجمہ پر مشتمل ۴۰۰۰ کیسٹ ۱۴۲۲ھ/ ۲۰۰۱ء میں تیار کئے گئے۔ بقیہ اجزاء کا ترجمہ جاری ہے۔

یہ زبان ایتھوپیا میں بولی جاتی ہے جہاں اسے سرکاری زبان کی حیثیت حاصل ہے۔ اس کے بولنے والوں کی تعداد ۱۳ ملین (۱ کروڑ ۳۰ لاکھ) ہے۔

۳- انکو (NKO)

مترجم: شیخ فودی سلیمان کانتی

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ:

۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸ء: ۵۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۳۰،۰۰۰ نسخے

مالی، گھانا، گھانا بساؤ، گمبیا، سینیغال، لائبریا، سیرالیون اور آئوری کوسٹ (ساحل العاج) کے علاقوں میں یہ بنیادی زبان کی حیثیت رکھتی ہے۔ مغربی افریقہ کے بعض علاقوں میں اسے ثانوی زبان کا درجہ حاصل ہے۔ اس کے بولنے والوں کی تعداد ۱۱ ملین (۱ کروڑ ۱۰ لاکھ) ہے۔

۴- اورومی (Oromo)

مترجم: شیخ محمد رشاد عبداللہ الہرری

یہ مکمل ترجمہ کیسٹ پر ہے۔ ۱۴۱۳ھ/۱۹۹۲ء میں اس کی ۱۸،۰۰۰ کاپیاں تیار کی گئیں۔

یہ زبان ایتھوپیا اور کینیا میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۱۵ ملین (۱ کروڑ ۵۰ لاکھ) ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۵- زولو (Zulu)

مترجم: شیخ عمر مولیلسکی

سورہ فاتحہ اور بعض دوسری سورتوں سے منتخب آیات کا ترجمہ

۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸ء: ۱۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۳۵،۰۰۰ نسخے

یہ زبان جنوبی افریقہ میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۶ ملین (۶۰ لاکھ) ہے۔

۶- شیوا (Chewa)

مترجم: شیخ ابراہیم بٹالا

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ ۱۴۲۲ھ/ ۲۰۰۱ء میں شائع ہوا۔ مطبوعہ نسخوں کی تعداد ۲۰،۰۰۰ تھی۔

یہ زبان ملاوی اور پڑوسی ممالک مثلاً جنوبی افریقہ اور موزمبیق میں بولی جاتی ہے اس کو بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۵ ملین (۵۰ لاکھ) ہے۔

۷- صومالی (Somali)

مترجم: شیخ محمود محمد عبدہ

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ:

۱۴۱۲ھ/۱۹۹۱ء: ۶۳۷،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۵۰،۰۰۰ نسخے

یہ زبان صومالیہ، جبوتی، کینیا اور ایتھوپیا میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۶ ملین (۶۰ لاکھ) ہے۔

۸- فلانی (Fulani) عربی رسم خط میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مترجم: شیخ عبدالقدوس جالو

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء میں سورہ فاتحہ اور پارہ عم کے ترجمہ پر مشتمل ۲۰،۰۰۰ نسخے شائع کیے گئے۔ بقیہ اجزاء کے ترجمہ کا کام جاری ہے۔

یہ زبان مغربی افریقہ میں سینیغال اور چاڈ کے علاقوں میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۱۵ملین (ایک کروڑ ۵۰ لاکھ) ہے۔

۹- فلانی (Fulani) لاطینی رسم خط میں

مترجم: شیخ دیکو حمدون احمد اور بعض دوسرے لوگ

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء میں سورہ فاتحہ اور پارہ عم کے ترجمہ پر مشتمل ۱۰،۰۰۰ نسخے شائع کیے گئے۔

یہ زبان مغربی افریقہ میں سینیغال اور چاڈ جھیل کے درمیانی علاقہ میں بولی جاتی ہے اور اس کو بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۱۵ملین (ایک کروڑ ۵۰ لاکھ) ہے۔

۱۰- مالنکا (Malinka-Diakun)

مترجم: شیخ کمادو جساما

کیسٹ پر مکمل ترجمہ تیاری کے مراحل میں ہے۔

یہ زبان بعض مغربی افریقی ممالک میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۳ملین (۳۰ لاکھ) ہے۔

۱۱- ہوسا (Hausa)

مترجم: شیخ ابوبکر محمود جومی

بڑی تقطیع میں متن کے ساتھ مکمل ترجمہ:

۱۴۰۵ھ/۱۹۸۴ء، ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۵ء اور ۱۴۰۷ھ/۱۹۸۶ء میں مجموعی طور پر ۳۰۰،۰۰۰ نسخے طبع ہوئے۔

۱۴۰۸ھ/۱۹۸۷ء، ۱۴۰۹ھ/۱۹۸۸ء اور ۱۴۱۰ھ/۱۹۸۹ء میں مجموعی طور پر ۵۳۰،۰۰۰ نسخے طبع ہوئے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۴۱۱ھ/۱۹۹۰ء: ۱۴،۰۰۰ نسخے

۱۴۱۴ھ/۱۹۹۳ء: ۲۰۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۷ء: ۵۰،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء: ۷۵،۰۰۰ نسخے

جیبی سائز میں مکمل ترجمہ:

۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء: ۴۰،۰۰۰ نسخے

بڑی تقطیع میں متن کے بغیر مکمل ترجمہ:

۱۴۲۲ھ/۲۰۰۱ء: ۲۰،۰۰۰ نسخے

سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ:

۱۴۲۰ھ/۱۹۹۹ء: ۱۰۰،۰۰۰ نسخے

یہ زبان نائیجیریا، نیجر اور پڑوس کے ممالک میں بولی جاتی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد تقریباً ۴۰ ملین (۴ کروڑ) ہے۔

۱۲- یوربا (Yoruba)

مترجم: علماء کی ایک کمیٹی

بڑی تقطیع میں مکمل ترجمہ:

۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء: ۲۵،۰۰۰ نسخے

۱۴۲۱ھ/۲۰۰۰ء: ۲۰،۰۰۰ نسخے

مزید براں ۱۴۲۶ھ/۲۰۰۵ء میں سورہ فاتحہ اور پارہ عم کے ترجمہ کے ۲۰۰۰ کیسٹ جاری کی گئی۔

یہ زبان نائیجیریا، بنین اور ٹوگو میں بولی جاتی ہے۔ اس کے بولنے والوں کی تعداد ۲۰ ملین (۲ کروڑ) ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۴)

## وہ تراجم جو تیاری کے مراحل میں ہیں

۱- عبرانی (مکمل ترجمہ)
۲- ہندی (مکمل ترجمہ)
۳- پولش (مکمل ترجمہ)
۴- سواحلی (مکمل ترجمہ)

(۵)

## درج ذیل زبانوں میں ترجمہ زیر غور ہے

۱- آوار (مکمل ترجمہ)
۲- چیچن (مکمل ترجمہ)
۳- مالاگاسی (سورہ فاتحہ اور پارہ عم کا ترجمہ)
۴- پشتو۔ (ایک اور ترجمہ)


## ششماہی علوم القرآن کا موضوعاتی اشاریہ

مرتبہ:- ڈاکٹر ظفر الاسلام اصلاحی

ششماہی علوم القرآن کی ۱۸ جلدوں (۱۹۸۵-۲۰۰۲ء) کا اشاریہ یکجا کتابی صورت میں شائع ہوا ہے۔ مجلہ کے مضامین و دیگر مشتملات کو موضوع کے اعتبار سے مختلف حصوں میں تقسیم کر کے جدید طرز پر ان کا اشاریہ مرتب کیا گیا ہے۔ اس میں مضمون/مضمون نگار/جلد و شمارہ/ماہ و سن اور صفحات کالمس کے تحت ضروری معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

صفحات : ۵۶ قیمت : ۲۰ روپیے

دونوں اشاریوں کے لئے اس پتے پر رابطہ قائم کریں:

**IDARAH ULUM AL- QURAN**

Shibli Bagh,near Zakir Husain Hostel, Doharra,Aligarh-202002


© rasailojaraid.com